# انسان کے فرائض وحقوق

## رسول اللہ ﷺ نے اُمت مسلمہ کو تاکید فرمائی کہ ہر صاحب حق کو اس کا حق ادا کرو

پروفیسر ڈاکٹر رائے محمد اعجاز کھرل

اسلام نے ہر انسان پر بہ حیثیت انسان جو فرائض متعین کیے اور جو حقوق عطا کیے ہیں، ان کے بیان سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس ذیل کی دوسری عالمی کوششوں کا ذکر کر دیا جائے تا کہ اسلام کے مقرر کردہ فرائض وحقوق کا ٹھیک اندازہ ہو سکے۔

عالمی سطح پر انسانی حقوق کے تحفظ کے آغاز کی پہلی کوشش لیگ آف نیشنز، جمعیت اقوام کے نام سے کی گئی۔ اس کے بعد مجلس اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا اور دنیا کے بیشتر ممالک نے یکے بعد دیگرے اس کی رکنیت اختیار کر لی۔

اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کا ایک عالمی منشور مرتب کیا، اس کی شقوں میں سرفہرست یہ تھا کہ تمام انسان برابر ہیں۔ لہٰذا ان کے ساتھ برادرانہ سلوک ہونا چاہیے۔ کسی انسان کو اس کے خاندان، قوم، ملک، رنگ، مذہب، جنس یا سیاسی مسلک کی بنا پر اس کے حقوق سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ ہر انسان کو زندہ رہنے اور اطمینان کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا یک ساں حق حاصل ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آج سے چودہ سو سال قبل حقوق انسانی کی پاس داری کی عملاً داغ بیل ڈال دی تھی۔ آپ ﷺ نے اپنے خطبہ حجتہ الوداع میں انسانی حقوق اور امن عالم کے عالمی منشور کا اعلان فرمایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا، مفہوم: ''لوگو! بے شک تمہارا رب ایک ہے اور بلاشبہ! تم سب کا باپ ایک ہے۔

یاد رکھو! کسی عربی کو غیر عرب پر، غیر عرب کو عربی پر، اس طرح کسی سرخ کو سیاہ فام پر اور کسی سیاہ فام کو سرخ رنگت والے پر کوئی فضیلت نہیں، اگر ہے تو صرف نیکی اور پرہیز گاری کی وجہ سے ہے۔

غلاموں کا خیال رکھو جو خود کھاؤ انہیں کھلاؤ جو خود پہنو وہی انہیں پہناؤ، آج دور جاہلیت کے تمام خون ختم کیے جاتے ہیں سب سے پہلے اپنے خاندان کا خون ربیعہ کے بیٹے کا معاف کرتا ہوں۔

عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو، بے شک! تمہارا عورتوں پر اور عورتوں کا تم پر حق ہے۔ تمہارا خون اور تمہارا مال ایک دوسرے پر تاقیامت اس طرح حرام ہے جیسے آج کا دن، یہ مہینہ، اور یہ شہر قابل حرمت ہیں۔''

(بہ حوالہ: بخاری، مسلم، ابوداؤد)

حقوق انسانی کے اس عظیم منشور کا اعلان تو غلبہ اسلام کے بعد ہوا، لیکن اس سے بہت پہلے یعنی اعلان نبوت سے تقریباً بیس سال قبل مکہ مکرمہ میں بین القبائلی معاہدہ امن مرتب ہوا جسے حلف الفضول (صاحبان فضل کا معاہدہ) کا نام دیا گیا تھا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی اس میں شریک ہوئے۔

اس معاہدے کے شرکاء نے ان امور پر باہم عہد و پیمان کیا کہ مکہ مکرمہ میں کسی ظالم کو نہیں رہنے دیا جائے گا، مظلوموں کی حمایت کی جائے گی، اپنی حدود میں قافلوں کی حفاظت کی جائے گی، بیوگان اور بے سہارا افراد کو سہارا دیا جائے گا، وغیرہ۔

اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ترقی کی اعلیٰ منازل طے کرنے کے بعد اقوام عالم حقوق انسانی کے جس مقام پر آج پہنچی ہیں، اس سے بہتر ابتداء اور کام یاب کوشش عملاً داعی برحق سید عالم صلی اللہ علیہ واللہ لہ وسلم حجتہ الوداع پر عالمی منشور کی شکل میں عطا فرما چکے تھے۔

اسلام نے ہر انسان پر دوسرے انسانوں کے ضمن میں جو فرائض لازم کیے ہیں ان میں سے چند یہ ہیں: خدمت خلق انسانی فرائض میں سرفہرست ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا، مفہوم: ''اللہ اپنے بندے کی مدد کرتا رہتا ہے جب تک وہ بندہ اپنے بھائی کی مدد میں مصروف رہتا ہے۔''

حضرت ختم الرسل ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان محفوظ رہیں۔'' گویا اسلام دوسروں کی حفاظت کا حکم دیتا ہے۔ وہ دوسرے انسانوں کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے اللہ کے نبی ﷺ سے سب سے افضل ایمان کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ دوسروں سے دوستی کرو تو اللہ کے لیے، دشمنی رکھو تو اللہ کے لیے اور اپنی زبان اللہ کی یاد میں مشغول رکھو، دوسرے انسانوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو اور ان کے لیے وہی ناپسند کرو جو اپنے لیے ناپسند کرتے ہو۔

انسانوں پر رحم و کرم کرنا یا ان سے اچھے سلوک سے پیش اللہ نے کو انسانی فرائض میں بہت اہمیت حاصل ہے۔ حضرت رسالت مآب ﷺ نے فرمایا: جس کا مفہوم یہ ہے کہ رحم کرنے والے پر اللہ رحم فرماتا ہے، جو دوسروں پر رحم کرتے ہیں خدا اُن پر رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے۔ لہٰذا جو زمین پر ہیں تو ان پر رحم کرو، آسمانوں والا تم پر رحم فرمائے گا۔ جو شخص انسانوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

بنی نوع انسان کو نفع پہنچانا اپنے ثبات و دوام کی دلیل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مفہوم: ''مخلوق اللہ کا کنبہ ہے، اللہ کے نزدیک محبوب ترین انسان وہ ہے جو اس کنبہ کے لیے سب سے زیادہ نفع رساں ہے۔''

مساوات ہر انسان کا بنیادی حق ہے۔

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے، مفہوم: ''اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد عورت سے پیدا کیا، تمہارے گروہ اور قبیلے صرف اس لیے بنائے کہ تمہارا تعارف ہو سکے ورنہ تم میں سب سے معزز اللہ کے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ نیکو کار ہے۔'' اس حقیقت کا اعلان ختم المرسلین ﷺ نے حجتہ الوداع کے موقع پر میدان عرفات میں فرمایا جو اوپر ذکر کیا جاچکا ہے۔

حقوق العباد کی اہمیت کا اندازہ اس سے کریں کہ اللہ جل شانہ اپنے حقوق تو معاف کر دے گا لیکن بندوں کے حقوق معاف نہیں فرمائے گا یہاں تک کہ وہ بدلہ وصول کر لیں یا خود معاف کر دیں۔ ہر انسان ایک دوسرے سے نا صرف اپنی شکل وصورت اور قد کاٹھ میں بل کہ عادات و اطوار اور پسند و ناپسند میں بھی یک سر مختلف ہے۔

اس لیے کسی وقت باہمی اختلاف پیدا ہونا کوئی انہونی بات نہیں اس سلسلے میں ارشاد نبوی ﷺ کا مفہوم ہے کہ آپ ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز بتا دوں جو روزہ، صدقہ اور نماز سے افضل ہے۔ تو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول ﷺ اللہ ﷺ ضرور فرمائیے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

رسول اللہ ﷺ نے اُمت مسلمہ کو تاکید فرمائی کہ ہر صاحب حق کو اس کا حق ادا کرو۔ درحقیقت دین اسلام ایک انسان کے فرائض وحقوق کے تحفظ کی جہاں ضمانت دیتا ہے وہاں ہر انسان سے اپنے فرائض کی بجا آوری (یعنی دوسروں کے ہر حقوق کی ادائی) پر زور دیتا ہے کیوں کہ ایسا کرنے سے ہی حقوق کا حصول ممکن ہے۔ اگر آپ اپنے فرائض ادا نہ کریں تو دوسرے سے حقوق کا حصول ممکن نہیں ہوگا۔ کیوں کہ حقوق وفرائض باہم لازم وملزوم ہیں۔




# شرک گناہِ عظیم

## اس سے انسان کے اعتقادات ناقص ہوجاتے اور افعال واعمال برباد ہوجاتے ہیں

تحریر---
رانا اعجاز حسین چوہان

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ! اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ کون سا ہے۔ آپ صلی اللہ وسلم نے فرمایا: ''یہ کہ تُو اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہرائے، حالاں کہ اسی نے تجھ کو پیدا کیا ہے۔''

اس حدیث میں بتادیا گیا ہے کہ اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ شرک ہے، جس سے ہر انسان کو بچنا چاہیے۔ شرک کی مذمت قرآن مجید میں اکثر مقامات پر آئی ہے۔

شرک سے مراد اللہ پاک کے سوا کسی اور کو اللہ کے برابر یا اس کے مقابل سمجھنا ہے۔ جیسے نباتات اور جمادات کو معبود بنا لینا، برگد اور پیپل کے درخت کو اور مٹی و پتھر کی بے جان مورتیوں کو معبود بنالینا۔ یا کسی جانور کو اللہ کے برابر سمجھنا، یا کسی بیرونی طاقت کی پرستش کرنا جیسے چاند، سورج، ستارے وغیرہ یا کسی انسان کو اللہ کے برابر سمجھنا اور یہ خیال کرنا کہ ان کو بھی اللہ کے مانند انسانی زندگی پر کوئی اختیار ہے اور یہ بھی ہماری حاجات پوری کر سکتے ہیں۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ ہر شے کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا، وہی ہماری زندگی موت، معاش و معاد، تقدیر و تدبیر، عقل و فہم، عزت و ذلت، دکھ سکھ، غرض سب پر مختار کل ہے، وہی خالق ہے، وہی مالک ہے اسی کے حضور سب کو پیش ہونا ہے۔

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس باتوں کی نصیحت کی ان میں سے ایک بات یہ ہے: ''اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر، اگرچہ تُو مارا جائے یا جلایا جائے۔''

اس حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت ضروری دس نصیحتیں ارشاد فرمائی ہیں جن میں سے ایک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمائی کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ خواہ توحید پرستی کی وجہ سے کتنی ہی اذیتیں اور تکلیفیں پہنچائی جائیں، یہاں تک کہ کوئی مار ہی کیوں نہ ڈالے یا زندہ ہی کیوں نہ جلادے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا میں تشریف لانے سے قبل جس قدر اللہ تعالیٰ کے نبی اور پیغمبر آئے سب نے اپنی قوموں کو شرک اور بت پرستی سے روکا، انہیں جہالت سے نکالا اور علم کا نور دیا، کفر کی تاریکیوں سے نکال کر ایمان کی روشنی دکھائی، معبود باطل کی پرستش کے بہ جائے ایک اللہ کی عبادت کرنے کی تلقین کی، انکار و سرکشی کی راہ سے ہٹا کر اطاعت اور فرماں برداری کی ہدایت کی۔

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک سب کے سب یہی تعلیم دیتے رہے کہ اللہ ایک ہے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ مانو، صرف اسی کو قادر مطلق، حاضر و ناظر، زندہ و قائم سمجھو، لیکن اکثر لوگ اپنے باپ دادا کی راہ چھوڑنے پر تیار نہ ہوئے، وہ برابر شرک اور بت پرستی کے باطل عقیدوں میں مبتلا رہے۔

بالآخر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ اللہ ربّ العزت نے آپ صلی اللہعلیہ وسلم پر قرآن مجید نازل فرمایا جو کتاب ہدایت ہے۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو گم راہی سے روکا، سیدھا راستہ دکھایا اور بت پرستی سے اجتناب کرنے کا حکم اور ایک ربّ کو ماننے پر زور دیا اور بتایا کہ تمام گناہ کچھ نہ کچھ سزا بھگتنے پر معاف ہوجائیں گے لیکن شرک کسی قیمت پر معاف نہیں کیا جائے گا۔

توحید پرستی پر اس قدر زور کیوں دیا گیا ہے! اس لیے کہ انسانی زندگی کے ساتھ اس کا گہرا تعلق ہے۔ اعلیٰ اخلاق، صالح اعمال، نیک اقوال اور منصفانہ معاملات صرف اسی عقیدے پر مبنی ہیں۔ نیکی کی جزا اور بدی کی سزا کا خیال اور مشکلات میں سہارے کی امید صرف اسی عقیدے پر قائم ہے۔ احسان کی طرف رغبت اور ظلم سے نفرت، آخرت کا خوف اور رحمت کی امید اسی عقیدے سے وابستہ ہے۔ آخرت میں سرخ روئی اور کام یابی اسی پر منحصر ہے۔

اگر یہ عقیدہ موجود نہ ہو تو دنیا فتنہ فساد، ہنگامہ و خون ریزی، خود غرضی، مطلب پرستی، لوٹ مار اور لڑائی جھگڑے کا گھر بن جائے۔ ان حالات کے پیش نظر توحید کا عقیدہ قائم رکھنا ضروری ہے۔ خواہ دین و ایمان کے دشمن توحید کے ماننے والوں کو سخت سزائیں کیوں نہ دیں، مار ڈالنے کی دھمکی دیں، آگ میں ڈال دیں، سلگتے ہوئے کوئلوں پر لٹادیں، توحید کو چھوڑنا ہرگز جائز نہیں۔ کیوں کہ زندگی اسی سے قائم ہے لیکن اگر انسان کا ایمان نہیں اور ایمان کی بنیاد توحید پر نہیں تو زندگی کسی کام کی نہیں اور یہ آخرت میں جہنم کا ایندھن بنے گا۔

بلاشبہ! شرک تمام برائیوں کی جڑ، تمام گناہوں کا منبع اور تمام گم راہیوں کا آغاز ہے۔ اس سے انسان کے اعتقادات ناقص ہوجاتے ہیں۔ افعال و اعمال برباد ہوجاتے ہیں۔ اخلاق و اطوار گندے ہوجاتے اور زندگی غلاظت اور آلودگی میں غرق ہوجاتی ہے۔ انسان جب شرک کا مرتکب ہوتا ہے تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے وہ ایک کشتی میں سوار ہونے کے بہ جائے کئی کشتیوں میں سوار ہو اور ظاہر ہے کہ یہ حالت ہمیشہ ناپائیدار اور برباد کرنے والی ہوگی، اس سے پریشانیوں میں اضافہ ہوگا، زندگی اجیرن ہوجائے گی اور چین اور اطمینان اس سے دور بھاگے گا۔

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اعتقادات اور اعمال کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ ان میں کہیں شرک کا عنصر تو موجود نہیں تا کہ اس سب سے بڑے گناہ سے خود کو بچایا جاسکے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں تاحیات شرک سے محفوظ رکھے۔ آمین

